سوال

(288) عشاء کی نماز آخری وقت کب تک ہے؟ اور آخر وقت کی فضیلت کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عشاء کی نماز کا وقت کب تک ہے اور ہر روز اخیر وقت میں نماز ادا کرنے سے ثواب زیادہ حاصل ہونے کی بابت کیا حکم ہے۔ جبکہ نماز باجماعت اول وقت پر ہوجاتی ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عشاء کی نماز کا وقت ازروئے دلیل صحیح وارجح نصف رات تک ہے۔تاہم ثلث رات تک اگر جماعت کا اہتمام ہوسکے تو افضل ہے۔ بشرطیکہ نمازیوں کو تکلیف نہ ہو ورنہ جس صورت میں نمازیوں کی اکثریت کو باجماعت نماز ادا کرنے میں سہولت ہو وہی صورت افضل ہے اس بارے میں ساری روایات کا خلاصہ بھی یہی ہے۔ واللہ اعلم

(محمد عطاء اللہ حنیف بھوجیانی، الاعتصام جلد ۱۳ شمارہ نمبر ۵)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02

محدث فتویٰ